شیخ چلپی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ علامہ متقی نے حدیث کی بڑی کتب سے اصول سنت کے بارے میں جتنی احادیث کو جمع فرمایا اس سے زیادہ کسی نے نہیں کیا

احمد عبدالجواد رحمہ اللہ کہتے ہیں جس نے اس کتاب کا مطالعہ کیا گویا کہ اس نے حدیث کی ستر سے زائد کتابوں کا مطالعہ کیا

اردو ترجمہ

کنز العمال

فی سنن الأقوال والأفعال

مستند کتب سے رواۃ حدیث سے متعلق کلام حوالہ کے ساتھ شامل کتاب ہے

تالیف

علامہ علاء الدین علی متقی بن حسام الدین ہندی برہان پوری متوفی ۹۷۵ھ

مقدمہ، عنوانات، نظرثانی، تصحیحات

مولانا مفتی احسان اللہ شائق صاحب

استاذ و معین مفتی جامعۃ الرشید احسن آباد کراچی

دار الاشاعت

اردو بازار ○ ایم اے جناح روڈ ○ کراچی پاکستان فون: 32631861

شیخ چلپی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ علامہ متقی نے حدیث کی بڑی کتب سے اصول سنت کے بارے میں جتنی احادیث کو جمع فرمایا اس سے زیادہ کسی نے نہیں کیا

احمد عبدالجواد رحمہ اللہ کہتے ہیں جس نے اس کتاب کا مطالعہ کیا گویا کہ اس نے حدیث کی ستر سے زائد کتابوں کا مطالعہ کیا

اردو ترجمہ

کنز العمّال

فی سنن الأقوال والأفعال

مستند کتب میں رواۃ حدیث سے متعلق کلام تلاش کر کے حوالہ کے ساتھ شامل کتاب ہے

جلد ۱
حصہ اوّل، دوم

تالیف

علامہ علاء الدین علی متقی بن حسام الدین ہندی برہان پوری متوفی

مقدمہ، عنوانات، نظرثانی، تصحیحات

مولانا مفتی احسان اللہ شائق صاحب

استاذ و معین مفتی جامعۃ الرشید احسن آباد کراچی

دارالاشاعت
اردو بازار ایم اے جناح روڈ
کراچی پاکستان 2213768

باہتمام : خلیل اشرف عثمانی
طباعت : ستمبر ۲۰۰۹ء علمی گرافکس
ضخامت : 799 صفحات

قارئین سے گزارش

اپنی حتی الوسع کوشش کی جاتی ہے کہ پروف ریڈنگ معیاری ہو۔ الحمدللہ اس بات کی نگرانی کے لئے ادارہ میں مستقل ایک عالم موجود رہتے ہیں۔ پھر بھی کوئی غلطی نظر آئے تو ازراہ کرم مطلع فرما کر ممنون فرمائیں تاکہ آئندہ اشاعت میں درست ہو سکے۔ جزاک اللہ

﴿.........ملنے کے پتے.........﴾

ادارۃ المعارف جامعہ دارالعلوم کراچی
مکتبہ معارف القرآن جامعہ دارالعلوم کراچی
بیت القرآن اردو بازار کراچی
مکتبہ اسلامیہ امین پور بازار۔ فیصل آباد
مکتبۃ المعارف محلہ جنگی۔ پشاور

ادارہ اسلامیات ۱۹۰۔ انارکلی لاہور
بیت العلوم 20 نابھ روڈ لاہور
مکتبہ رحمانیہ ۱۸۔ اردو بازار لاہور
مکتبہ اسلامیہ گامی اڈا۔ ایبٹ آباد
کتب خانہ رشیدیہ۔ مدینہ مارکیٹ راجہ بازار راولپنڈی

﴿انگلینڈ میں ملنے کے پتے﴾

AZHAR ACADEMY LTD.
54-68 LITTLE ILFORD LANE
MANOR PARK, LONDON E12 5QA

ISLAMIC BOOK CENTRE
119-121 HALLIWELL ROAD
BOLTON, BL1-3NE

﴿امریکہ میں ملنے کے پتے﴾

MADRASAH ISLAMIAH BOOK STORE
6665 BINTLIFF, HOUSTON,
TX-77074, U.S.A

DARUL-ULOOM AL-MADANIA
182 SOBIESKI STREET,
BUFFALO, NY 14212, U.S.A

صریح گناہ کا بوجھ اپنے سر پر رکھا۔
پھر اس شخص نے کہا: اے عمر! تو نے بھی مجھے اذیت دی ہے اللہ بھی تیری مغفرت نہ کرے۔
حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: اس نے سچ کہا، اللہ کی قسم! اس نے پھوٹ ڈالی، نہ جرم کیا، نہ بدعت ایجاد کی، پس اے فلاں! مجھے معاف کردے۔ اس طرح حضرت عمر رضی اللہ عنہ (امیر المؤمنین) اس شخص کے ساتھ چمٹے رہے حتی کہ اس نے آپ کو معاف کردیا۔ ابن المنذر

٤٥٥٣ حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے اپنی بیویوں کو دنیا و آخرت میں اختیار دیا تھا نہ کہ طلاق کا اختیار دیا تھا۔
مسند عبداللہ بن احمد بن حنبل

فائدہ: سورۃ الاحزاب کی آیت ۲۸ اور ۲۹ کی تفسیر میں حضرت علی رضی اللہ عنہ نے مذکورہ فرمان ارشاد فرمایا ہے۔

٤٥٥٤ حضرت علی رضی اللہ عنہ سے فرمان الٰہی:
ولا تکونوا کالذین آذوا موسٰی۔ الاحزاب: ٦٩
اور تم ان لوگوں جیسے نہ ہونا جن لوگوں نے (عیب لگا کر) موسیٰ کو رنج پہنچایا۔
کے متعلق وضاحت فرماتے ہیں کہ حضرت موسیٰ اور ہارون علیہما السلام دونوں جبل پر چڑھے وہاں حضرت ہارون علیہ السلام کو اجل آپہنچی اور وہ مر گئے۔ بنی اسرائیل نے حضرت موسیٰ علیہ السلام پر الزام لگایا تم نے ان کو قتل کیا ہے۔ وہ آپ سے زیادہ ہم سے محبت رکھتے تھے۔ اور وہ نرم مزاج انسان تھے۔ یوں بنی اسرائیل نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو رنج پہنچایا۔
اللہ پاک نے ملائکہ کو حکم دیا۔ ملائکہ نے حضرت ہارون علیہ السلام کے لاشے کو اٹھایا اور بنی اسرائیل کی مجالس کے پاس لے گئے اور ملائکہ نے ان کے ساتھ حضرت ہارون کی اپنی آپ موت کی بات چیت کی تب ان کو یقین آیا کہ وہ اپنی موت آپ مرے ہیں۔ موسیٰ علیہ السلام کو اس الزام سے بری کردیا۔ جبکہ بنی اسرائیل نے حضرت ہارون علیہ السلام کے جسم کو لیا اور اس کو دفن کردیا۔ اور حضرت ہارون علیہ السلام کی قبر سب پر مخفی کردی۔ صرف گدھ کرگس پرندے کو معلوم ہے اور اللہ نے اس کو گونگا بہرہ کردیا ہے۔
ابن منیع، ابن جریر، ابن المنذر، ابن ابی حاتم، ابن مردویہ، مستدرک الحاکم

فائدہ:... انبیاء علیہم السلام اپنی قبروں میں زندہ ہیں ان کے جسموں کو مٹی کھا سکتی ہے اور نہ کوئی اور شی۔ اسی وجہ سے غیر محفوظ جگہوں میں جہاں انبیاء کی قبریں ہیں اللہ پاک نے ان کو مخفی کردیا ہے تاکہ ہر طرح سے محفوظ رہیں۔ اور جہاں معروف ہیں وہاں اللہ نے مضبوط محافظ مقرر فرمادیئے ہیں۔ اس وجہ سے اجسام انبیاء ہر طرح کی بے حرمتی سے بھی محفوظ ہیں۔

انبیاء علیہم السلام سے عہد لیا گیا

٤٥٥٥ ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرمان الٰہی ہے:
واذا اخذنا من النبیین میثاقھم ومنک ومن نوح وابراھیم الخ الاحزاب: ٧
اور جب ہم نے پیغمبروں سے عہد لیا اور تم سے اور نوح سے اور ابراہیم سے اور مریم کے بیٹے عیسیٰ سے۔ اور عہد بھی ان سے پکا لیا۔
حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا: سب سے پہلے نوح علیہ السلام سے عہد لیا ان کے بعد سب سے اول سے پھر سب سے اول سے (اس طرح اول فالاول)۔ ابن ابی عاصم، السنن لسعید بن منصور

٤٥٥٦ حضرت مکحول رحمۃ اللہ علیہ سے مروی ہے فرمایا کہ نبی کریم ﷺ نے اپنی عورتوں کو اختیار دیا تھا (کہ دنیا اختیار کرلیں یا اللہ اور اس کے رسول کو جس کا ذکر احزاب کی ۲۸ اور ۲۹ آیات میں ہے) تو آپ کی بیویوں نے آپ ﷺ اور اللہ کو اختیار کرلیا تھا لہٰذا اس طرح طلاق واقع نہیں ہوئی۔
مصنف عبدالرزاق